میڈیا کوآرڈینیشن آفس

جامعہ ملیہ اسلامیہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے بچوں کی تخلیقیت نے لی کتاب کی شکل، مائی سویٹ ہوم کا اجراء

طلباء کی خفیہ صلاحیتوں کو پروان چڑھانا جامعہ کا مقصد: پروفیسر طلعت احمد

نئی دہلی، پریس ریلیز 11 اگست 2017

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے میر انیس ہال میں سمینہ مشرا اور شیرنا دستور کے ذریعہ ترتیب دی گئی کتاب مائی سویٹ ہوم کا آج اجراءعمل میں آیا۔ یہ کتاب جامعہ ملیہ اسلامیہ 2005 میں منعقدہ ایک ورک شاپ کا تکملہ تھی، جسے اسکول کے ننھے منے بچوں کے اندر تخلیقی صلاحیتوں کو پروان چڑھانے کے لئے منعقد کیا گیا تھا۔ ورکشاپ میں بچوں سے کارٹون، کہانیاں اور پینٹنگس بنوائی گئی تھیں جس کو انتہائی خوبصورتی کے ساتھ سمینہ مشرا اور شیرنا دستور نے ادارت کر کے شائع کا ہے۔ سمینہ مشرا دستاویزی فلم ہدایت کار جبکہ شیرنا دستور ایک معروف لکھاری ہیں۔

کتاب کے اجراء کے موقع پر جامعہ ملیہ اسلامیہ کے وائس چانسلر پروفیسر طلعت احمد نے کہا کہ جامعہ ہمیشہ سے ہی بچوں کے اندر تخلیقی صلاحیت کو پروان چڑھانے کے لئے مختلف طریقہ سے ہمت افزائی کرتا رہا ہے، مائی سویٹ ہوم کی شکل میں سمینہ مشرا اور شیرنا دستور نے ایک اچھی کوشش کی ہے جس سے بچوں کے اندر ہمت پیدا ہوگی اور مستقبل میں وہ اس سے حوصلہ لیکر بہتر کارکردگی انجام دے سکیں گے۔ انھوں نے کہا کہ بچے سماج کا مستقبل ہیں اور آگے کی ذمہ داری انھیں کے کاندھوں پر پڑنے والی ہے اس لئے بچوں کی ہمت افزائی بےحد ضروری ہے اور اسی لئے جامعہ اپنے قیام کے اولین دنوں سے ہی تعلیمی اور اس قسم کے ثقافتی پروگرام کا انعقاد کرتا رہا ہے جس سے طلباء کی خفیہ صلاحیتیں بیدار ہوسکیں۔ طلباء کو ایسے مواقع سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانا چاہئے۔

اس موقع پر ایک مذاکرہ کا بھی اہتمام کیا گیا جس میں سمینہ مشرا اور شیرنا دستور کے علاوہ پونم بترا اور ڈاکٹر سیدہ سیدین حمید نے شرکت کی۔ ڈاکٹر سیدہ نے کتاب کو سماج کا عکاس قرار دیا اور کہا کہ اس کے ذریعہ صرف ایک عہد کو ہی سمجھنے میں مدد نہیں ملے گی بلکہ اس کے ذریعے معاشرہ اور حالات کے بدلتے ماحول کو سمجھنے میں آسانی ہوگی۔ دہلی یونیورسٹی کے پروفیسر پونم بترا نے کہا کہ یہ کتاب محض چھوٹے بچوں کی کہانی نہیں ہے بلکہ ان کی سوچ، فکر اور منزل کی تلاش کا پرتو ہے جس سے بچوں کی نفسیات اور ان کے اندرون و بیرون میں چلنے والے حالات کا جائزہ لیا جاسکتا ہے۔

پروگرام کی نظامت جامعہ ملیہ اسلامیہ کے شعبہ آوٹ ریچ پروگرام کے کوآرڈینیٹر ڈاکٹر مکیش رنجن نے انجام دیا۔ جس میں بڑی تعداد میں اساتذہ اور طلباء نے شرکت کی۔ ڈاکٹر ذاکر حسین میموریل سوسائٹی کی جنرل سکریٹری پروفیسر باراں فاروقی اسکولی بچوں کہ ساتھ موجود تھیں۔

جاری کردہ:

صائمہ سعید

میڈیا کوآرڈینیٹر

9891227771